5

ہماری فصلیں - 1

تمہارے گاؤں یا شہر کے آس پاس کھیتوں میں کئی طرح کی فصلیں پیدا کی جاتی ہوں گی۔ ہمارے اس دورے کا مقصد ہے اپنی فصلوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنا۔ خاص طور سے ہم اپنی توجہ فصلوں کی قسموں اور ان کے استعمال، کھاد، بوائی و کٹائی کے اوقات اور طریقے، بیج کی بناوٹ وغیرہ کو دیں گے اور مختلف صفات کی بنیاد پر فصلوں کی گروہ بندی کریں گے۔

وقت

یہ دورہ خریف کے موسم میں کرنا ہے۔ اس کے لئے اگست یا ستمبر کا مہینہ ٹھیک رہے گا۔ اس دورے کے لئے ایسا وقت چنو جب زیادہ تر فصلوں میں پھول آئے ہوئے ہوں۔

تیاری

اس دورے کی تیاری اس طرح ہی کرنی ہے جیسے دورہ-1 میں کی تھی۔ پودوں کے مختلف حصّے جمع کرنے کے لئے ہر ٹولی ایک جھولا، گیلا کپڑا، ردّی کاغذ، لفافے وغیرہ ساتھ لے لو۔ اپنا ہینڈ لینس اور کاپی بھی رکھ لو۔ کوشش کرو کہ دورے میں تمھارے ساتھ علاقے کا گرام سیوک یا افسر فروغ زراعت بھی چلے۔

ذخیرہ

ہر ایک فصل کی پتیاں، پھول اور بیج یا پھل کاغذ میں دبا کر سکھاؤ۔ اگر پودا چھوٹا ہو تو پورا ہی رکھ لو۔ ہر نمونے کے ساتھ اس کا نام اور اس کے

بارے میں خاص خاص جانکاری بھی لکھ لو۔ اس ذخیرے کو سنبھال کر رکھو۔ یہ بعد میں نمائش لگانے کے کام آئے گا۔

جائزہ

دورے میں تمھاری ہر ایک ٹولی اپنے گاؤں یا شہر کے پاس کے پانچ دس کسانوں کے کھیتوں پر جائے۔ اور ان کے کھیتوں میں پیدا کی جانے والی فصلوں کے بارے میں جانکاری جمع کرے۔ کوشش کرو کہ تمھارے جائزے میں سینچائی اور سوکھی دونوں طرح کی کھیتی کرنے والے کسان شامل ہوں۔

معلوم کرو:

1۔ فصلوں کے نام اور ان کی قسمیں: بوئی ہوئی خاص فصلوں کے نام معلوم کر کے یہ پتہ لگاؤ کہ وہ اناج والی، دلہن، تلہن یا نقدی فصلیں ہیں۔ ان فصلوں کا بھی پتہ لگاؤ جو کسان ہرے چارے یا ہری کھاد کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

2۔ سبزیاں اور پھل۔

3۔ بوئی جانے والی قسموں کے نام (دیسی یا ولائیتی)۔

4۔ فصل پکنے کی مدت۔

5۔ بوائی، کٹائی، گہائی اور اُڑائی کے طریقے۔

6۔ فی ایکڑ پیداوار

7۔ سب سے زیادہ رقبے میں پیدا کی جانے والی تین فصلوں کے نام۔

8۔ فصلوں کے بارے میں کوئی اور جانکاری جو تم پتہ کر سکو۔

کسانوں سے لی گئی جانکاری کو جدول-1 میں بھرو۔(1)

جدول - 1

نمبر شمار	کسان کا نام	سینچائی کا طریقہ	بوئی گئی خاص فصلوں کے نام	فصل کی قسم	قسم کا نام دیسی	قسم کا نام ولائتی	فصل پکنے کی مدت	فی ایکڑ پیداوار
1			(ا)					
2			(ب)					
3			(ج)					
4			(د)					
5			(ح)					
6			(ف)					

گروہ بناوٴ

- جائزے کی بنیاد پر تمھارے علاقے میں بوئی جانے والی خریف فصلوں کے نیچے لکھے گئے گروہ بناوٴ:(2)

دلہن فصلیں، تلہن فصلیں، اناج والی فصلیں، نقدی فصلیں، ساگ سبزیاں، ہرے چارے کی فصلیں، ہری کھاد کی فصلیں ۔

- کیا تم فصلوں کی اور خصوصیات سوچ سکتے ہو؟ انکی بناء پر فصلوں

کے گروہ بناؤ۔(3)

گھر پر کرنے کے لئے کام

ان فصلوں کے بارے میں شروع سے لیکر فصل تیار ہونے تک کسان کے کاموں کی معلومات حاصل کرو۔ ہر ایک کام کو تشریحی خاکے (Flow Chart) کی مدد سے سمجھاؤ۔ یہاں سویا بین کی کھیتی کا تشریحی خاکہ دیا جارہا ہے۔

سویا بین کی کھیتی

کیڑا لگنے پر کیڑا مارنے کی دوا کا چھڑکاؤ ↓	کھر پتوار ہونے پر ہاتھ یا کھرپے سے نرائی ←	پہلی بارش کے بعد بیکٹریا کلچر سے بیجوں کا علاج، دپھن سے بوائی وکھاد دینا ←	بہتر قسم کے بیج لے کر ان کی صفائی چھنٹائی ←	بارش سے پہلے جتائی اور زمین ہموار کرنا ←
فصل پکنے پر ہنسیا سے کٹائی →	بیل گاڑی سے کھلیان تک →	بیلوں کے ذریعے کہائی (دبائی) →	ہاتھ یا مشین سے اڑاونی →	صاف کی گئی سویا بین کو بوروں میں بند کرنا •

- اب تم دوسری فصلوں کے تشریحی خاکے اسی طرح سے بناؤ۔
ایسے خاکے کو تم کاغذ یا بورڈ پر تصویروں سے سجا کر گھر یا کلاس میں لگا سکتے ہو۔

نئے الفاظ

جائزہ	دلہن فصلیں	ہری کھاد
نقدی فصلیں	ذخیرہ	تلہن فصلیں
خریف	کیڑا مار	بہتر نسل
تشریحی خاکہ	کھرپا	